تاثرات

ادارہ ثقافتِ اسلامیہ تیس سال سے علم و تحقیق کی خدمت میں مصروف ہے اور اب تک اردو اور انگریزی کی کم و بیش ایک سو چالیس کتابیں شائع کر چکا ہے اور یہ کتابیں اپنی جگہ بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ اس سال ادارے کی طرف سے پندرہ کتابیں شائع ہوئی ہیں، جن میں نو کتابیں اُردو کی ہیں اور چھ انگریزی کی۔ اُردو کتابوں میں حسب ذیل چار کتابیں نئی ہیں۔

۱۔ مطالعہ حدیث : یہ مولانا محمد حنیف ندوی کی تصنیف ہے۔

۲۔ مولانا رومی — حیات و افکار : یہ ڈاکٹر افضل اقبال کی انگریزی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے، جو جناب بشیر محمود اختر نے کیا ہے۔

۳۔ جمال الدین افغانی — حیات و افکار : یہ جناب شاہد حسین رزاقی صاحب کی تصنیف ہے۔

۴۔ فقہائے ہند جلد پنجم — حصہ اول : یہ ایک سلسلہ وار تصنیف ہے جو بارھویں صدی ہجری کے فقہائے برصغیر کے حالات پر مشتمل ہے اور ان سطور کے راقم کی تالیف ہے۔

باقی گیارہ کتابیں، دوسری یا تیسری مرتبہ چھپی ہیں۔ ان میں پانچ کتابیں اردو کی ہیں اور وہ یہ ہیں (۱) آبِ کوثر (۲) رودِ کوثر اور (۳) موجِ کوثر ؛ یہ تینوں کتابیں ڈاکٹر شیخ محمد اکرام کی مشہور تصانیف ہیں جو برصغیر پاک و ہند کی علمی، تحقیقی، مذہبی، ثقافتی اور تہذیبی تاریخ کا شاندار مرقع ہے۔ علاوہ ازیں (۴) ملفوظاتِ رومی، ترجمہ جناب عبدالرشید تبسم اور جناب مظہر الدین صدیقی صاحب کی تصنیف (۵) "اسلام کا نظریۂ تاریخ" اپنے موضوع میں لائق مطالعہ کتابیں ہیں۔

اس سال جو انگریزی کتابیں دوبارہ یا سہ بارہ طبع ہوئی ہیں، وہ حسب ذیل چھ کتابیں ہیں۔

۱۔ وومن ان اسلام :۔ از جناب مظہر الدین صدیقی صاحب ۲۔ اسلام اینڈ تھیاکریسی : جناب مظہر الدین صدیقی

۳۔ فیلسی آف مارکسزم : ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم ۴۔ قرآنک اتھیکس : بشیر احمد ڈار مرحوم

۵۔ سوشل جسٹس ان اسلام : پروفیسر شیخ محمود احمد صاحب ۶۔ لائف اینڈ ٹائمز آف محمد علی : از ڈاکٹر افضل اقبال صاحب

ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کے کرم فرماؤں نے ہمیشہ سے تعاون کیا اور اس کی علمی و تحقیقی مطبوعات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ آئندہ بھی ان کا تعاون جاری رہے گا اور وہ ادارے کو مزید خدمت کے مواقع فراہم کرتے رہیں گے۔